PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/EVS/2023/3659 تاریخ: 21 جون 2023

محترم سکول مالک/پرنسپل،

عنوان: ای وی ایس فیز 16 کے مؤخر کئے گئے سکولوں/درخواستوں کی بابت فیصلے/ہدایات

السلام وعلیکم!

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ایجوکیشن واؤچر سکیم کا فیز 16 سال 2019 میں مشتہر کیا گیا تھا تاہم کرونا وبا (Covid-19) اور مشکل معاشی حالات کی وجہ سے کچھ مشکل فیصلے کرنے پڑے جسکی وجہ سے فیز 16 پر کام روک دیا گیا۔ فیز 16 پر کام رکنے سے پہلے کے کامیاب درخواست گزاروں کے ساتھ پارٹنرشپ معاہدہ بھی سائن ہو چکا تھا تاہم کچھ ایسے درخواست گزار بھی تھے جنہوں نے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کے فیصلے کے خلاف ریویو کمیٹی (Review Committee) کے سامنے اپیلیں دائر کی تھیں جن میں سے بہت سے درخواست گزاروں کو ریویو کمیٹی نے سن کر اپنی سفارشات مرتب کی تھیں تاہم فیز 16 پر کام رکنے کی وجہ سے تمام درخواست گزاروں کی درخواستوں پر مزید کارروائی روک دی گئی تھی۔

2022 کے ابتداء میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن فیز 16 کے پارٹنر سکولوں اور درخواست گزاروں کی بار بار گزارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے تمام درخواست گزاروں جن کے ساتھ 2020 میں معاہدہ ہو چکا تھا کو پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی انتظامیہ نے سکول چلانے اور نئے داخلے کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ اس کے بعد پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اجازت سے مؤخر شدہ درخواستوں/اپیلوں پر کاروائی شروع کی گئی۔ اس ضمن میں مؤخر شدہ سکولوں کا وزٹ کیا گیا اور فنکشنل پائے جانے والے سکولوں پر مزید کاروائی بروئے کار لانے کے لئے حتمی سفارشات مرتب کی گئی ہیں جسکی تفصیل درج ذیل ہے:-

الف۔ 17 سکولوں کے ساتھ فوری طور پر معاہدہ عمل میں لایا جائے گا۔

ب۔ 63 سکولوں کا کیس دوبارہ ریویو کمیٹی (Review Committee) کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

ج۔ 02 سکولوں کا کیس اپیلیٹ کمیٹی (Appellate Committee) کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

د۔ 07 سکولوں پر کاروائی جاری ہے جسکی تفصیل لف شدہ فہرست میں درج ہے۔

ر۔ 347 سکولوں کو نامنظور (Reject) کر دیا گیا ہے، جنکی درخواستوں پر مزید کاروائی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔ نامنظور (Reject) ہونے کی تفصیل فہرست میں دی گئی ہے۔

نوٹ: متعلقہ سکولوں کی لسٹ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ پر آویزاں ہے۔

مزید ہدایات

پیرا نمبر 2 جز **"الف"** میں دیے گئے سکولوں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ معاہدہ سائن کرنے کے لیے درج ذیل دستاویزات تیار رکھیں اور جیسے ہی آپ کو معاہدہ سائن کرنے کے لیے بلایا جائے تو بتائے گئے مقام اور وقت پر پہنچ کر معاہدہ سائن کریں۔

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

ہدایات برائے دستاویزات:-

1. سکول مالک اور گواہ کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (بمعہ اصل)۔
2. دو عدد پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر۔
3. تعلیمی و پیشہ وارانہ قابلیت کی تمام اصل اسناد/ڈگریاں بمعہ مارکس شیٹس۔
4. پارٹنرشپ معاہدہ کیلئے مبلغ-/1200 روپے مالیت کا **E-Stamp Paper**۔

E-Stamp Paper پر پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بطور فرسٹ پارٹی اور درخواست گزار کا نام بطور سیکنڈ پارٹی درج ہونا ضروری ہے۔ مزید برآں E-Stamp Paper پر درخواست گزار کا نام، اور شناختی کارڈ نمبر کا تحریر ہونا ضروری ہے۔

5. مبلغ-/100 روپے مالیت کے (غیر تحریر شدہ) تین عدد اشٹام جو درخواست گزار کے نام پر برائے بیان حلفی بحق پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن جاری کردہ ہو۔
6. سکول کی مجوزہ عمارت کی اصل دستاویزات مثلاً کمپیوٹرائزڈ فرد ملکیت یا رجسٹرڈ کرایہ نامہ یا رجسٹری یا رجسٹرڈ وقف نامہ وغیرہ۔ واضح رہے کہ متعلقہ دستاویز میں سکول کی مجوزہ عمارت کی مکمل تفصیل کا درج ہونا لازمی ہے۔ تاہم کرائے کی عمارت کی صورت میں معاہدہ کرایہ داری کی میعاد کم از کم دو سال ہونی چاہیے۔
7. سکول کی عمارت کا بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ (Building Fitness Certificate) اور ہیلتھ اینڈ ہائی جین سرٹیفکیٹ (Health & Hygine Certificate)۔
8. تصدیق شدہ سکول کا نقشہ (نقشہ نویش سے تیار شدہ)۔
9. یونین کونسل کے سیکریٹری کی جانب سے سکول کا متعلقہ یونین کونسل میں موجود ہونے کا سرٹیفکیٹ۔
10. سکول مالک کی جانب سے نامزدگی برائے Next of Kin بمعہ کوائف اور معلومات (نام، شناختی کارڈ کی کاپی، تعلیم، رشتہ، پیشہ اور فون نمبر)۔
11. سکول کی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ یا اصل رجسٹریشن چالان فارم۔
12. سکول کا لیٹر ہیڈ اور مہر (Stamp)۔
13. فہرست اساتذہ (نام، تعلیمی قابلیت، تنخواہ، شناختی کارڈ نمبر، جوائننگ کی تاریخ)۔
14. اپنے سکول کے قریبی بنک آف پنجاب کی برانچ میں سکول کے نام بنک اکاؤنٹ کھلوائیں اور بنک کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ جس میں سکول کا نام اور اکاؤنٹ ہولڈر کا نام واضح طور پر تحریر ہوں۔

15. سکول انرلمنٹ (کلاس اور مضمون وائز)۔

Gender	Enrollment Class																
	Nursery	Prep	1	2	3	4	5	6	7	8	9 (Bio)	9 (Arts)	9 (Comp)	10 (Bio)	10 (Arts)	10 (Comp)	Total
Male																	
Female																	
Total																	
Medium (Urdu/English)																	

پیرا نمبر 2 جز **"ب" اور "ج"** میں دیئے گئے سکولوں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ ایسی تمام دستاویزات کو تیار رکھیں جو آپ سمجھتے ہیں کہ آپکو اپنے کیس کے سلسلے میں ریویو کمیٹی (Review Committee)/اپیلیٹ کمیٹی (Appellate Committee) دکھانے ضروری ہیں۔ اس مقصد کے لئے جب آپکو بلایا جائے تو مقررہ وقت اور مقام پر پہنچ کر ریویو کمیٹی (Review Committee)/اپیلیٹ کمیٹی (Appellate Committee) کے سامنے پیش ہوں۔ اس سلسلے میں آگاہ کیا جاتا ہے کہ فراہم کردہ شیڈول کے مطابق نہ پہنچنے کی صورت میں درخواست /اپیل پر مزید کاروائی بند کر دی جائے گی اور سکول کو نامنظور کر دیا جائیگا۔

پیرا نمبر 2 جز **"ر"** میں دیئے گئے سکول کو پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن انتظامیہ اور ریویو کمیٹی (Review Committee) کے فیصلوں کے خلاف اپیل کا حق دیا جاتا ہے۔ تاہم اپیل جمع کروانے کیلئے مبلغ دس ہزار روپے (ناقابل واپسی) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ میں جمع کروانا لازمی ہے۔ جس کیلئے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ (Website) سے چالان فارم کو متعلقہ معلومات کے ساتھ آن لائن جمع کروا کر اس کا پرنٹ لینے کے بعد بینک آف پنجاب کی کسی بھی برانچ میں فیس جمع کروائی جاسکتی ہے۔ یہ واضح کیا جاتا ہے کہ ان تمام درخواستوں /اپیلوں پر 2019 میں فیز 16 کے لئے دیئے گئے اشتہار کی شقوں کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ فیس کے بغیر یا لیٹ موصول ہونے والی درخواستوں /اپیلوں پر کاروائی نہیں کی جائیگی۔ درخواست /اپیل یہ سرکلر جاری ہونے سے لیکر **تیس دن** کے اندر اندر بنام **ڈائریکٹر ای وی ایس، 52-L، گلبرگ III، لاہور** کے پتے پر بذریعہ ڈاک پہنچ جانی چاہیئے۔ یاد رہے دی گئی تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں /اپیلوں پر کوئی کاروائی نہ کی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر ای وی ایس

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399